فوری ریلیز کے لیے: 7/12/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نرسنگ ہوم کے رہائشیوں کو انفیکشن سے بچانے اور ان کے پیاروں کو باخبر رکھنے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے

قانونی مسودہ (S.1785A/A.6052) نرسنگ ہومز سے درکار کرتا ہے کہ وہ انفیکشن کا پتہ چلنے پر رہائشیوں، خاندان کے مجاز ارکان اور سرپرستوں کو بروقت اطلاع دیں

یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ سہولت گاہوں کے پاس غیر محفوظ یا متاثرہ رہائشیوں کو رکھنے کا منصوبہ ہو تاکہ انفیکشن کو دوسروں تک پھیلنے سے روکا جاسکے

گورنر Kathy Hochul نے آج ایک قانونی مسودے پر دستخط کیے جس کے تحت رہائشی صحت کی دیکھ بھال کی سہولت گاہیں اس بات کی پابند ہوں گی کہ وہ رہائشیوں کے ساتھ ساتھ ان کے خاندان کے افراد اور سرپرستوں کو سہولت گاہ کے اندر انفیکشن کا پتہ چلنے پر تیزی سے اپ ڈیٹ کریں۔ اس کے تحت نرسنگ ہومز کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے غیر محفوظ یا متاثرہ رہائشیوں کو رکھنے کے لیے ایک منصوبہ تیار رکھیں۔

"نرسنگ ہومز میں رہنے والے نیویارک کے لوگ اعلیٰ معیار کی دیکھ بھال کے مستحق ہیں اور ان کے اہل خانہ یہ جاننے کے مستحق ہیں کہ ان کے پیارے محفوظ ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس قانون سازی کے ساتھ، ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ انفیکشن کا پتہ چلنے کے بعد رہائشیوں کے اس سے بچاؤ کے لیے ہر سہولت گاہ تیار ہے، جبکہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے رابطہ کاری کو بھی بہتر بنایا جائے گا کہ رہائشیوں اور ان کے خاندان کے افراد کو بروقت صورت حال سے آگاہ کیا جائے۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے کہ نرسنگ ہومز، نیویارک کے سب سے زیادہ کمزور لوگوں کی حفاظت کے لیے صحیح اقدامات کر رہے ہیں۔"

قانونی مسودہ (S.1785A/A.6052) نرسنگ ہومز کے رہائشیوں اور ان کے پیاروں کو انفیکشن کے بارے میں مطلع کرنے کی ضرورت کے تحت رابطہ کاری کو بہتر بنانے کے لیے عالمی وباء کے موجودہ ہنگامی منصوبے کو وسعت دے گا۔ اس قانون کے تحت سہولت گاہوں کو ایک سے دوسرے کو لگنے والی بیماری کے پھیلنے کے دوران رہائشیوں کی رہائش کے لیے ایک منصوبہ یا طریقہ کار تیار کرنے کی بھی ضرورت ہوگی، جس سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ ہر نرسنگ ہوم تیار ہے اور رہائشیوں کو ان کی حفاظت اور دوسروں کی حفاظت کے لیے انفیکشن کی صورت میں مؤثر طریقے سے جگہ دینے کے قابل ہے۔

ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا، "COVID-19 کی عالمی وباء نے ہمیں بہت سے ضروری، لیکن انتہائی تکلیف دہ سبق سکھائے ہیں۔ یہ قانون سازی نرسنگ ہوم کی حفاظت سے متعلق ہماری 2020 کی سماعتوں کا براہ راست نتیجہ ہے اور یہ یقینی بنائے گی کہ جب مستقبل میں انفیکشن کے خطرات پیدا ہوں تو یہ سہولت گاہیں پوری طرح تیار ہوں اور ہمارے بیمار اور معمر افراد کے خاندانوں کو ان کی دیکھ بھال کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کا اختیار دے گی۔ ہمیں اپنی رہائشی دیکھ بھال کی سہولت گاہوں کے دوبارہ اس طرح لاعلم رہ جانے کا موقع کبھی بھی نہیں آنے دینا چاہیے۔"

رکن اسمبلی Jennifer Lunsford نے کہا، "جب COVID آیا تو نرسنگ ہومز کے مکین اور ان کے پیارے بوکھلاہٹ کا شکار رہ گئے تھے۔ نرسنگ ہومز نے خود کو صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کے لیے تیار نہیں پایا اور رہائشی اور ان کے پیارے بے خبر رہے۔ اس بل کا مقصد رہائشی صحت کی دیکھ بھال کی سہولت گاہوں میں انفیکشن اپ ڈیٹس اور منصوبہ بندی کے اقدامات کی ضرورت کے ذریعے مستقبل میں اس طرح کی تباہی کو روکنا ہے۔ اب جبکہ ہم کورونا کی عالمی وباء سے بحال ہو رہے ہیں، صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کے دوران ان سہولت گاہوں میں شفافیت اور منصوبہ بندی بہت ضروری ہے۔ ہم نیویارک کے اپنے سب سے زیادہ کمزور شہریوں کے ساتھ ایسا دوبارہ کبھی نہیں ہونے دے سکتے۔"

یہ قانون سازی گورنر Hochul کی طویل مدتی دیکھ بھال کی سہولت گاہوں کے رہائشیوں کے تحفظ کے لیے مسلسل کوششوں پر مبنی ہے۔ دسمبر 2021 میں، گورنر نے طویل مدتی نگہداشت کی سہولت گاہوں اور نظام کو معاونت فراہم کرنے کے لیے [قانون سازی کے چار حصوں کے پیکیج](https://www.governor.ny.gov) پر دستخط کیے۔ اس قانون سازی نے کمشنر برائے صحت کو نرسنگ ہومز پر انفیکشن انسپکشن آڈٹ اور چیک لسٹ کو نافذ کرنے کی ہدایت کی، ریاستی لانگ ٹرم کیئر اومبڈسمین پروگرام اور متعلقہ پروگرامز میں اصلاحات کا ایک سلسلہ نافذ کیا تاکہ نرسنگ ہومز کے رہائشیوں اور رہائشی نگہداشت کی سہولت گاہوں کی رسائی کو بڑھایا جاسکے، ریاست میں طویل مدتی نگہداشت کی خدمات کی حالت کا مطالعہ کرنے کے لیے "طویل مدتی نگہداشت کی ٹاسک فورس کا از سر نو تصور" کرنے، اور کمشنر آف اکنامک ڈیولپمنٹ کو، کمشنرز برائے صحت، محنت اور بچوں اور فیملی کی خدمات کے دفتر کے مشورے سے ریاست نیویارک میں دیکھ بھال کرنے والی صنعت کی ترقی کو معاونت دینے کے لیے ایک طویل المدتی حکمے عملی کے لیے مطالعہ کرنے، اسے تیار کرنے اور اس پر عمل درآمد کرانے کی ہدایت کی۔ گورنر Hochul نے طویل مدتی نگہداشت اومبڈسمین پروگرام میں سرمایہ کاری، نرسنگ ہومز کے لیے معاوضے، عملے کے لیے اضافی فنڈنگ کے ساتھ ساتھ نرسنگ ہوم کی تشکیل نو کے لیے کیپٹل فنڈنگ کا بھی ساتھ دیا ہے، جس میں نرسنگ ہوم گرین ہاؤس ماڈل کو فروغ دینا بھی شامل ہے تاکہ سب کے لیے طویل مدتی اعلیٰ معیار کی دیکھ بھال کو فروغ دیا جاسکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418